پریس ریلیز

گیسٹرو انٹرالوجی عالمی کانفرنس کی افتتاحی تقریب ،کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز کے صدر مہمان خصوصی

ینگ ڈاکٹرز تحقیق و ٹیکنالوجی پر عبور حاصل کریں، سیکھنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ گنوائیں :پروفیسر شعیب شفیع

کانفرنس سے ڈاکٹرز اپنا نالج اپ ڈیٹ کریں اور مریضوں کو بہترین طبی سہولیات دیں :پروفیسر غیاث النبی طیب

غیر ملکی ڈاکٹرز کے جدید طریقہ علاج سے جگر،معدہ و آنت کی بیماریوں کیلئے دور رس نتائج حاصل ہونگے :پروفیسر اسرار الحق طور

لاہور 24 فروری:......نوجوان ڈاکٹرز تحقیق و جدید ٹیکنالوجی پر عبور حاصل کریں اور اپنے سینئر اساتذہ سے پیشہ وارانہ تربیت اور میڈیکل ہنر سیکھنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں جبکہ ینگ ڈاکٹرز پروفیشنل سرگرمیوں اور ورکشاپ میں بھرپور طریقہ سے حصہ لیا کریں تا کہ وہ عملی میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے کے قابل ہوسکیں۔

ان خیالات کا اظہار پاکستان کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز کے صدر پروفیسر ڈاکٹر محمد شعیب شفیع نے پاکستان سوسائٹی آف گیسٹرو انٹرالوجی 2023 کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر پروفیسر خالد مسعود گوندل، پروفیسر محمود ایاز، پروفیسر ڈاکٹر غیاث النبی طیب، چیف آرگنائزر پروفیسر اسرار الحق طور اور ڈاکٹر شمائل ظفر سمیت دنیا بھر کے گیسٹرو انٹرالوجی کے طبی ماہرین کے علاوہ میڈیکل سے وابستہ سینئر اساتذہ اور نوجوان ڈاکٹرز بڑی تعداد میں موجود تھے ۔پروفیسر شعیب شفیع نے کانفرنس میں شریک غیر ملکی ڈاکٹرز کو خوش آمدید کہا اور کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر پروفیسر ڈاکٹر غیاث النبی طیب اور پروفیسر اسرار الحق کی ٹیم کو سراہا۔

کانفرنس کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر غیاث النبی طیب نے خطاب کرتے ہوئے کانفرنس کے اغراض و مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ انٹرنیشنل کانفرنس کا دوہرہ فائدہ ہوتا ہے کیونکہ ایک طرف ڈاکٹرز کو اپنا نالج اپ ڈیٹ کرنے میں مدد ملتی ہے جبکہ دوسری طرف زیر علاج مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات بھی میسر آتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات حقیقی معنوں میں طبی ماہرین اور مریضوں دونوں کے لئے سودمند ہوتے ہیں اس لیے ایسی نشستوں کا انعقاد ہوتے رہنا چاہیے۔

انٹرنیشنل کانفرنس کے چیف آرگنائزر پروفیسر اسرار الحق طور کا کہنا تھا کہ جمعۃ المبارک (آج) تھائی لینڈ ،امریکہ، برطانیہ، سعودیہ عرب، کینیڈا اور دیگر ممالک سے آئے ہوئے طبی ماہرین نے پاکستانی معالجین کے ہمراہ جگر، معدہ، آنت کی بیماریوں کی تشخیص ،جدید طریقہ علاج اور تحقیق بارے اپنے تجربات شیئر کیے جس کے عالمی سطح پر دور رس نتائج حاصل ہوں گے اور عالمی دنیا میں ہونے والی ریسرچ سے مقامی ڈاکٹرز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں بھی اضافہ ہوگا جو مریضوں کے لئے ایک تازہ ہوا کا جھونکا ثابت ہوگا۔ پروفیسر اسرار الحق طور کا کہنا تھا کہ 26 فروری بروز اتوار تک جاری رہنے والی اس انٹرنیشنل کانفرنس میں مختلف سائنٹفیک اور ڈاکٹرز کیلئے سوال و جواب کے سیشنز کا اہتمام بھی کیا گیا ہے تا کہ اُن کو مزید سہولت میسر آسکیں ۔بعد ازاں مہمان خصوصی پروفیسر شعیب شفیع نے دیگر مہمانوں کے ہمراہ میڈیکل کمپنیوں کی جانب سے لگائے گئے سٹالز کا بھی تفصیلی جائزہ لیا اور ان میں خصوصی دلچسپی ظاہر کی۔افتتاحی تقریب کے اختتام پر مہمانوں میں شیلڈز سے بھی نوازا گیا۔

پاکستان سوسائٹی آف گیسٹر وانٹرالوجی 2023 کانفرنس میں شریک شرکاء